# سوال

(26) ان اخبارات و کاغذات جن پر اللہ کا نام ہو جلانا یا دفن کرنا

# جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض اخبارات و کاغذات مین قرآن کریم کی کچھ آیات لکھی ہوتی ہین نیز بعض اوراق اور خطوط وغیرہ کے آغاز میں ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' بھی لکھی ہوتی ہے 'تو سوال یہ ہے کہ ان اخبارات دستاویزات اور خطوط کے پڑھنے کے بعد ہم کیا کریں؟ کیا انہیں پھاڑدیں یا جلادیں یا کیا کریں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ اخبارات وکاغذات کی حفاظت واجب ہے یا پھر پڑھنے کے بعد انہیں جلادیا جائے یا پاک زمین مین دفن کردیا جائے تاکہ قرآنی آیات اور سبحانہ وتعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کو بے ادبی وبے حرمتی سے بچایا جاسکے۔ یہ جائز نہیں کہ انہیں کوڑے کے ڈرموں یا بازاروں میں پھینک دیا جائے یا انہیں لفافوں یا کھانے کےلیے دسترخواں وغیرہ کے طور پر استعمال کیا جائے کیونکہ ان تمام امور میں بے حرمتی اور عدم حفاظت ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

## ج4ص37

محدث فتویٰ